نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, **E.mail:mediaresearch34@gmail.com**
Facebook: www.facebook.com/AgriDepartment **Twitter:**@agri_department
www.agripunjab.gov,pk

پریس ریلیز

زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے ہائی ویلیو ایگریکلچر کراپس کی ویلیو چین میں بہتری لانا وقت کا اہم تقاضا ہے: سیکرٹری زراعت احمد عزیز تارڑ کا کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کے دوران منعقدہ سیمینار سے خطاب

لاہور 30 جنوری 2023: (   ) محکمہ زراعت پنجاب نے ہارٹیکلچر سے متعلق بہت سے امور کے دیرپا حل کیلئے ون سٹاپ سلوشن کے طور پر" کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023" کے موقع پر ایک بین الاقوامی سیمینار کا انعقاد کیا جس میں کاشتکاروں کو ہارٹیکلچر کی ویلیو چین میں بہتری کے لئے راہنمائی کی گئی۔اس موقع پر سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت احمد عزیز تارڑ نے کہا کہ کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کے انعقاد سے کاشتکاروں کو کھادوں کے متوازن استعمال اور ہارٹیکلچر ل کراپس کے متعلق آگاہی حاصل ہوئی ۔انھوں نے مزید کہا کہ زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے ہائی ویلیو ایگریکلچر کراپس کی ویلیو چین میں بہتری لانا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ یہ ایونٹ تازہ اور محفوظ کردہ (Processed) پھلوں اور سبزیوں کی عالمی سطح پر تجارت کیلئے ہارٹیکلچر کے شعبے کو بین الاقوامی منڈیوں سے ہم آہنگ کرنے کا ذریعہ ثابت ہوئی۔ پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 سے پاکستانی ہارٹیکلچر کراپس اور ان کی مصنوعات کو فروغ دینے کے لئے دنیا بھر کے تاجروں سے رابطے میں مدد ملی ہے بزنس کمیونیٹی کو بین الاقوامی نوعیت کے اس گرینڈ ایونٹ کی صورت میں نمائش کیلئے آئے ہوئے کثیر تعداد میں ملکی و عالمی اسٹیک ہولڈرز کے سامنے پاکستان کی وسیع پیمانے پر مؤثر نمائندگی کے منفرد موقع سے فائدہ اٹھانے کی سہولت بھی میسر آئی۔اس موقع پر ہارٹیکلچر ہائی ویلیو ایگریکلچر کراپس اور ان کی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کرنے بارے شرکاء کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے متعلق معلومات فراہم کی گئیں جس میں ماہرین نے خطاب کیا اور سٹرس سپلائی چین کو بہتر بنانے کیلئے تجاویز پیش کیں۔کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کی اختتامی تقریب میں ممبر چیف منسٹر انسپکشن ٹیم احسان بھٹہ،سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب فیصل ظہور،اسپشل سیکرٹری زراعت وقار حسین، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد محمد نواز خان میکن و دیگر افسران نے شرکت کی۔تقریب کے اختتام پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے سٹالز لگانے والی کمپنیوں کے نمائندگان کو یادگاری شیلڈ سے بھی نوازا

☆☆☆☆